# واحد استعمال کی(سنگل یوز)اشیاء اور کھانے کی ایسی اشیاء جو خرید کر ساتھ لے جائی جائیں (ٹیک اوےآئٹمز)، کوکم کرنے کاگائڈ

## ٹورنٹو فوڈ سروس کے کاروبار کے لئے متبادل مصنوعات کا گائڈ

سٹی آف ٹورنٹو ،رہائشیوں اور کاروباری اداروں کو واحد- استعمال واحد استعمال کی(سنگل یوز)اشیاء اور کھانے کی ایسی اشیاء جو خرید کر ساتھ لے جائی جائیں(ٹیک اوےآئٹمز)سے فضلہ اور کوڑے کو کم کرنے میں مدد کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ واحد- استعمال ا ور ٹیک- ا وے آئٹمز (single-use and take-away items) کو کم کرنا سٹی کی طویل مدتی ویسٹ مینجمنٹ کی حکمت عملی (Long Term Waste Management) ا ور صفر- فضلہ کےمستقبل اور گول معیشت (zero- waste future) اورسرکولر ایکانومی (circular economy) کے خواہشمند اہداف کی حمایت کرتا ہے۔

سٹی ے سنگل- یوز اور ٹیک -اوے آئٹمز میں کمی کی حکمت عملی (City’s Single-Use and Takeaway Items Reduction Strategy) کا ہدف صرف پلاسٹک سے نہیں بلکہ تمام اقسام کے مواد سے بنےواحد- استعمال کی اشیاءاور لوازمات کو کم کرنا ہے۔ واحد- استعمال اور ٹیک -اوے شیاءکو بنانے، جمع کرنے اور ضائع کرنے کے لیے قیمتی وسائل اور توانائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ اشیاء اکثر لینڈ فل یا کوڑے کے طور پر ختم ہوتی ہیں، جو ماحول اور جانوروں کے لیے خطرہ بن سکتی ہیں۔

2018، 2019 اور 2022 میں شہر کے واحد- استعمال اور ٹیک -اوے آئٹمز پر عوامی مشاورت کے دوران کچرے میں کمی کے لیے ان کے تاثرات (فیڈبیک) اور تعاون ، جو ہم نے سنا، اس کے لیے ہم ٹورنٹو کے رہائشیوں اور کاروباری اداروں کا شکریہ ادا کرنا چاہیں گے، نیز ان کی کچرے میں کمی کی کوششوں کے لیے اور آگے بڑھنے کے لیے۔مل کر ہم مزید فضلہ کو لینڈ فل سے باہر رکھ سکتے ہیں اور ماحول کو فائدہ پہنچا سکتے ہیں۔









# کپس
ٹھنڈے مشروبات | گرم مشروبات

# کنٹینرز
گرم اور/یا گیلا تیار کھانا | خشک تیار شدہ کھانا

# لوازماتی اشیاء
برتن | دیگر

## بہترین

### کپس — دوبارہ قابل استعمال



- صارفین سے دوبارہ قابل استعمال کپس قبول کریں
- ڈائن- ان سروس کے لیے دوبارہ قابل استعمال کپ فراہم کریں
- پائیدار دوبارہ استعمال کے قابل کپس کا انتخاب کریں جو ٹورنٹو پبلک ہیلتھ کے معیار کے مطابق بار بار صفائی کو برداشت کر سکیں
- ڈپازٹ ریٹرن یا کپ شیئرنگ پروگرام پر غور کریں
- پائیدار دوبارہ استعمال کے قابل کپس کا انتخاب کریں جوا اپنی معیاد کے اختتام پر دوبارہ استعمال کیے جا سکیں

### کنٹینرز — دوبارہ قابل استعمال



- صارفین سے دوبارہ قابل استعمال کنٹینرز قبول کریں
- ڈائن- ان سروس کے لیے دوبارہ قابل استعمال سامان جیسے کنٹینر۔ ٹرے، پلیٹیں ،کپس، ڈھکن وغیرہ (سروس ویئر) فراہم کریں
- کنٹینر شیئرنگ پروگرام میں رکنیت پر غور کریں یا اپنے برانڈ کو دوبارہ قابل استعمال کنٹینرز فروخت کے لیے پیش کریں
- پائیدار دوبارہ استعمال کے قابل کنٹینرز کا انتخاب کریں جو ٹورنٹو پبلک ہیلتھ کے معیار کے مطابق بار بار صفائی کو برداشت کر سکیں
- پائیدار دوبارہ قابل استعمال کنٹینرز کا انتخاب کریں جو اس کی معیاد کے اختتام پر دوبارہ استعمال (recycle) کیے جا سکیں

### لوازماتی اشیاء — دوبارہ قابل استعمال



- صرف درخواست کرنے پر تقسیم کاری کریں
- ریسٹورینٹ میں (ڈائن-ان) یا گھر میں بیٹھ کے کھانے کی خدمت کے لیے دوبارہ استعمال کے قابل برتن فراہم کریں، بشمول چینی کھانوں کےلئےاستعمال ہونے والی لکڑی کی تیلیاں (چاپ اسٹکس)
- دوبارہ قابل استعمال کپس یا ڈسپنسر میں کیچپ (ketchup) اور مسٹرڈ (mustard)جیسے مصالحہ جات پیش کریں

## اچھا

### کپس — قابل بازیافت




- ایسے کپس کا انتخاب کریں جو ایک ہی پلاسٹک سے بنے ہوں جیسے کہ ہائی ڈینسٹی پولیتھیلین (HDPE)،پولیتھیلین ٹیریفتھیلیٹ (Polyethylene terephthalate (PET)) اورپولی پروپائلین (Polypropylene (PP)) یا کاغذی فائبر کا مواد (material)، جو کسی دوسرے مواد کے ساتھ استر دیا ہوا یا طبق دار نہ ہو
- دوبارہ قابل استعمال پلاسٹک کے ڈھکنوں کا انتخاب کریں
- دوبارہ قابل استعمال کاغذ سے بنی ہوئی کپ کی آستینوں (cup sleeves) کا انتخاب کریں
- اپنے فضلے کو جمع کرنے کی خدمت فراہم کرنے والے سے، اس بات کی یقین دہا نی کے لئے رابطہ کریں ، کہ آیا ان کے ری سائیکلنگ یا آرگینکس پروگرام میں کوئی متبادل قبول کئے گئے ہیں

### کنٹینرز — قابل بازیافت



- ایلومینیم کے کنٹینرز اور د وبارہ استعمال کرنے کے قابل ڈھکنوں کا انتخاب کریں
- کسی ایک پلاسٹک سے بنی مصنوعات کا انتخاب کریں جیسے کہ ہائی ڈینسٹی پولیتھیلین(HDPE)، پولیتھیلین ٹیریفتھیلیٹ (Polyethylene terephthalate (PET)) اورپولی پروپائلین (Polypropylene (PP)) یا کاغذی فائبر کا مواد، جو کسی دوسرے مواد کے ساتھ استرد یا ہوا یا طبق دار نہ ہو
- اپنے فضلے کو جمع کرنے کی خدمت فراہم کرنے والے سے، اس بات کی یقین دہا نی کے لئے رابطہ کریں ، کہ آیا ان کے ری سائیکلنگ یا آرگینکس پروگرام میں کوئی متبادل قبول کئے گئے ہیں

### لوازماتی اشیاء — قابل بازیافت



- صرف درخواست کرنے پر تقسیم کاری کریں
- کاغذ کی نلکیاں استعمال کریں جو دیگر مواد جیسے پلاسٹک سے جڑی نہ ہوں
- اپنے فضلے کو جمع کرنے کی خدمت فراہم کرنے والے سے، اس بات کی یقین دہا نی کے لئے رابطہ کریں ، کہ آیا ان کے ری سائیکلنگ یا آرگینکس پروگرام میں کوئی متبادل قبول کئے گئے ہیں

## اجتناب کریں

### کپس — مشکوک مواد ات






- ان کپس اور ڈھکنوں سے پرہیز کریں جن پر کمپوسٹ ایبل (compostable)یا بائیوڈیگریڈیبل(biodegradable) کا لیبل لگا ہوا ہو
- کالے پلاسٹک اور فوم کے کپس اور ڈھکنوں سے پرہیز کریں

### کنٹینرز — مشکوک مواد ات



- ان کنٹینرز اور ڈھکنوں سے پرہیز کریں جن پر کمپوسٹ ایبل یا بائیوڈیگریڈیبل کا لیبل لگا ہوا ہو۔
- فوم(foam) اور سیاہ پلاسٹک کے برتنوں سے پرہیز کریں

### لوازماتی اشیاء — مشکوک مواد ات



- ایک بار استعمال ہونے والے پلاسٹک کے برتن (کوئی بھی رنگ) سے پرہیز کریں
- ایسے برتنوں سے پرہیز کریں جن کا لیبل کمپوسٹ ایبل یا بائیو ڈیگریڈیبل ہے
- پہلے سے پیک شدہ واحد استعمال کے برتنوں سے پرہیز کریں جو دیگر اشیاء جیسے نیپکنس(napkins) کے ساتھ بنڈل کئے گئے ہوں

وفاقی واحد-استعمال کے پلاسٹک کی ممانعت کے ضوابط (Federal Single-Use Plastic Prohibition Regulation) کی طرف سے یہ پابندیاں متعارف کرائی گئیں

- 20 دسمبر، 2022 سے چیک آؤٹ بیگز، کٹلری، فوڈ سروس ویئر، اسٹر اسٹکس (stir sticks) اور اسٹراز (straws)
- 20 جون، 2023 سے شروع ہونے والے رنگ کیریئرز(ring carriers)
- 20 جون، 2024 سے مشروب کے کنٹینرز کے ساتھ پیک کیے گئے لچکدار اسٹراز

# فوری حقائق

- **دو بارہ قابل استعمال مصنوعات کے فروغ کے انتخاب میں، سب سے کم کچرہ ضائع کرنا ہوگا۔ سب سے کم فضلہ کے آپشن میں دو بارہ قابل استعمال مصنوعات ہیں۔**
- **سٹی کے گرین بن آرگینکس پروگرام میں پلاسٹک یا موم کے ساتھ لیپ کی ہوئی کاغذی مصنوعات کو کمپوسٹ نہیں کیا جا سکتا یا سٹی کے بلیو بن ری سائیکلنگ پروگرام میں ری سائیکل نہیں کیا جا سکتا۔ ان مصنوعات کو ردی کی ٹوکری میں ٹھکانے لگانا چاہیے جب تک کہ آپ کو فضلہ جمع کرنے کی خدمت کے آپشن کی طرف سے مشورہ نہ دیا جائے۔**
- **اگر کھانے یا پینے کی باقیات سے پراگندہ ہوں، توزیادہ تر کاغذی فائبر کی مصنوعات سٹی کے گرین بن آرگینکس پروگرام کے ساتھ مطابقت رکھتی ہیں۔**
- **کمپوسٹ ایبل اور بائیو ڈی گریڈ ایبل پلاسٹک کی اشیاء، جیسے کپس، کنٹینرز اور برتن، سٹی کے گرین بن آرگینکس یا بلیو بن ری سائیکلنگ کے پروگراموں میں قبول نہیں کیے جاتے ہیں۔ ان مصنوعات کو ردی کی ٹوکری میں ٹھکانے لگا دینا چاہیے جب تک کہ آپ کے فضلہ کو جمع کرنے والے سروس فراہم کنندہ کی طرف سے مشورہ نہ دیا جائے۔**

# وسائل

City of Toronto کے صارفین ویسٹ وزارڈ (Waste Wizard) کو toronto.ca/wastewizard پر یا TOwaste ایپ کے ذریعے یہ معلوم کر سکتے ہیں کہ آیا سٹی کے بلیو بن ری سائیکلنگ اور گرین بن آرگینکس پروگراموں میں متبادل مصنوعات قبول کی جاتی ہیں۔

سٹی کے آرگینکس اور ری سائیکلنگ پروگراموں میں کمپوسٹ ایبل اور بائیوڈیگریڈیبل مصنوعات کو کیوں قبول نہیں کیا جاتا، اس کے بارے میں toronto.ca/single-use پر مزید جانیں۔

ReduceWasteTO Reducing Single-Use پروگرام کی معلومات اور وسائل کی مزید معلومات کے لئے toronto.ca/reducingsingleuseprogram ملاحظہ کر یں۔

وفاقی سنگل -یوز پلاسٹک پرہیبیشن ریگولیشنز کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، بشمول حدایتی دستاویزات اور حقائق کے شیٹس، ملاحظہ کریں https://www.canada.ca/en/environment-climate-change/services/managing-reducing-waste/reduce-plastic-waste/single-use-plastic-overview.html

**دست برداری کا اعلان (ڈس کلیمر):** اس گائیڈ کا مقصد فوڈ سیفٹی کے طریقوں کے بارے میں معلومات فراہم کرنا نہیں ہے اور نہ ہی قابل اطلاق فوڈ سیفٹی قوانین اور ضروریات کے بارے میں قانونی مشورہ فراہم کرنا ہے۔ تمام احاطے جو بناتے ہیں، پروسیس کرتے ہیں، تیار کرتے ہیں، اسٹور کرتے ہیں، ہینڈل کرتے ہیں، ڈسپلے کرتے ہیں، تقسیم کرتے ہیں، نقل و حمل کرتے ہیں، فروخت کرتے ہیں یا فروخت کے لیے پیش کرتے ہیں، انہیں ہیلتھ پروٹیکشن اینڈ پروموشن ایکٹ کے تحت اونٹاریو فوڈ پریمیسس ریگولیشن (Ontario Food Premises Regulation (O.Reg 493/17) کی تعمیل کرنی چاہیے۔